ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز سندھ پولیس آفس — فون 99212639

83 چھاپہ مار کارروائیاں، 5 پولیس مقابلے، ٹارگٹ کلر، اغواء کار، قتل کیس، مفرور اشتہاری ملزمان سمیت 97 جرائم پیشہ گرفتار اسلحہ وغیرہ برآمد

کراچی 06 ستمبر 2013ء۔ کراچی پولیس نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ایسٹ ویسٹ ساؤتھ زون کے متعلقہ حدود میں اسنیپ چیکنگ، پیٹرولنگ، پکٹنگ، ریکی نگرانی، ایڈوانس انٹیلی جنس کلیکشن و سرویلنس جیسے اقدامات کی بدولت 03 غیر قانونی تارکین وطن کی فارن ایکٹ کے تحت گرفتاری سمیت 35 مفرور اشتہاری ملزمان کے ساتھ ساتھ قتل، ڈکیتی، رہزنی و دیگر سنگین جرائم میں ملوث 97 ملزمان کو مختلف طور پر گرفتار کرکے 19 کی تعداد میں مختلف قسم کے ہتھیار وغیرہ برآمد کرلیے

پولیس رپورٹ کے مطابق تینوں زون کے اضلاع شرقی غربی جنوبی وسطی اور ملیر میں جرائم اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف فدکورہ دورانیے میں 83 چھاپہ مار کارروائیاں کی گئیں جبکہ پولیس مقابلوں کی تعداد 05 رہی